نیوز ریلیز

فیملی جسٹس سروسز (family justice services) تک رسائی میں اضافہ کرنا

1 دسمبر، 2023ء

خاندانی انصاف کی ایک نئی حکمتِ عملی البرٹنز کیلئے فیملی کورٹ کے معاملات سے نمٹنے کو آسان بنا دے گی۔

خاندانی معاملات کو عدالتوں سے باہر ہی حل کرلینا بچوں اور خاندانوں پر دباؤ کو کم کر سکتا ہے۔ البرٹا کی حکومت البرٹنز کی مدد کیلئے خاندانی انصاف کے نظام کو بہتر بنا رہی ہے، خاص طور پر ایسے لوگوں کیلئے جو خود کو ایسے معاملات کے حل کیلئے پیش کرتے ہیں جیسے کہ طلاق، ازدواجی ساتھی کے نان و نفقے کے معاہدے، والدانہ فرائض کے بندوبست یا چائلڈ سپورٹ کے حکم نامے، عائلی قانون کے مسائل کو تیزی سے حل کرنا۔

فی الوقت، فیملی جسٹس خدمات مختلف عدالتوں میں مختلف ہیں، اور پھر آیا کہ البرٹنز کو مخصوص خدمات تک رسائی حاصل ہے یا نہیں اس کا انحصار اس بات پر ہے کہ ان کا مقدمہ کس عدالت یا قانون کے دائرہ عمل میں آتا ہے۔ فیملی جسٹس کی نئی حکمت عملی البرٹا کورٹ آف جسٹس اور کورٹ آف کنگز بینچ آف البرٹا دونوں میں خدمات کو ہم آہنگ کرنے میں مدد دے گی، تاکہ البرٹنز ایک ہی قِسم کی خدمات تک رسائی حاصل کر سکیں اس بات سے قطع نظر کہ وہ کس عدالت میں پیش ہوتے ہیں۔ اس حکمت عملی کو تیار کرنے کیلئے البرٹا کی حکومت نے کورٹ آف جسٹس اور کورٹ آف کنگز بینچ آف البرٹا کے ساتھ مل کر کام کیا۔

"البرٹا کی حکومت پہلے ہی سے مشکل وقت کے دوران البرٹنز پر خاندانی قانون کے معاملات سے نمٹنے کے دباؤ کو کم کرنے کیلئے خاندانی انصاف کے نظام کو مزید قابل رسائی بنا رہی ہے۔ ہم قبل از عدالت خدمات کو بڑھا رہے ہیں تاکہ البرٹنز کو دعویٰ دائر کرنے یا عدالت میں پیشی سے پہلے خدمات کے ایک سلسلے تک رسائی مل سکے۔"

مِکی ایمری (Mickey Amery)، وزیرِ انصاف اور اٹارنی جنرل

فیملی جسٹس اسٹریٹیجی کو ایڈمنٹن اور کیلگری میں پری کورٹ سروسز کو وسعت دینے کیلئے 2023ء کے بجٹ سے 5 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری حاصل ہوئی۔ یہ خدمات، بشمول تنازعات کے متبادل حل، خاندانی عدالت کے کونسلرز، اور والدانہ فرائض کی مداخلتیں، یہ فیصلہ کرنے میں البرٹنز کی مدد کر سکتی ہیں کہ آیا وہ خاندانی معاملہ عدالت سے باہر طے کرنا چاہتے ہیں یا اگر وہ عدالت جانے کا فیصلہ کرتے ہیں تو عدالتی طریقہ کار کو بہتر طور پر سمجھ سکیں۔

علاوہ ازیں، البرٹا کی حکومت فیملی ریزولوشن ہب آن لائن ٹول متعارف کروا رہی ہے تاکہ خاندانی قانون کے معاملات سے نمٹنے والے البرٹنز کو معلومات فراہم کی جائیں۔ جب البرٹنز طلاق کا معاملہ شروع کر رہے ہوں، سرپرستی کیلئے درخواست دے رہے ہوں یا والدانہ فرائض کے بندوبست پر دوبارہ بات چیت کر رہے ہوں تو فیملی ریزولوشن ہب ان کے آپشنز اور اگلے اقدامات کو دریافت کرنے کا ایک نیا طریقہ مہیا کرے گا۔ یہ پلیٹ فارم صوبے بھر کے البرٹنز کو دسمبر میں دستیاب ہوگا۔

"خاندانوں کی مدد کرنے کیلئے مربوط ہم آہنگی کی کاوشیں نہایت اچھی طرح سمجھ میں آنے والی بات ہے۔ ہم فیملی جسٹس اسٹریٹیجی سروس ڈلیوری ماڈل میں ان طریقوں پر اظہار تحسین کرتے ہیں جو تنازعات کے متبادل حل کے وسائل اور مستند ثالثی پریکٹیشنرز کو رابطے فراہم کرنے میں مدد دیں گے۔ ہم البرٹا کے خاندانوں کی فلاح و بہبود کو بہتر بنانے اور فروغ دینے میں شریک کار بننے کے منتظر ہیں۔"

لِن کنگ (Lynn King)، ایگزیکٹو ڈائریکٹر، آلٹرنیٹو ڈِسپیوٹ ریزولوشن انسٹیٹیوٹ آف البرٹا

نیوز ریلیز

"خاندانی انصاف کی نئی حکمت عملی جو البرٹا کی عدالتوں میں شروع کی جا رہی ہے وہ والدین کو اپنے معاون والدانہ فرائض اور متعلقہ معاملات کو نیویگیٹ کرنے کیلئے جدوجہد کرنے کا موقع فراہم کرے گی تا کہ وہ ان مشکلات کو غیر مخالفانہ اورزیادہ خاندان دوست اندازمیں سنبھال سکیں۔ خاندانی تنازعات کا حل، زیادہ ترصورتوں میں، خاندانوں کیلئے مالی اور جذباتی اخراجات کو نمایاں طور پرکم کرتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ کسی حل تک پہنچنے کیلئے درکاروقت کو بھی کم کرتا ہے۔"

شیرن جے کرکس (Sharon J. Crooks)، بورڈ چیئر، البرٹا فیملی میِڈی ایشن سوسائٹی

فوری حقائق

- البرٹا میں خاندانی قانون کے معاملات کی سماعت البرٹا کی کنگز بینچ کورٹ اور البرٹا کورٹ آف جسٹس میں کی جاتی ہے۔
- ہر سال، البرٹا کی کنگز بینچ کورٹ تقریباً 60,000 نئے سول اور خاندانی معاملات دیکھتی ہے، 9,000 طلاقوں کے فیصلے اور 350 سول اور خاندانی مقدموں کی سماعت کرتی ہے۔
- البرٹا کورٹ آف جسٹس سالانہ تقریباً 17,000 خاندانی اوربچوں کے تحفظ کے مقدمات کی سماعت کرتی ہے۔

متعلقہ معلومات

- طلاق اور علیحدگی کی خدمات اور معلومات

متعلقہ خبریں

- فیملی ریزولوشن سروسز میں 5 ملین ڈالر سے توسیع (29 مارچ، 2023ء)

میڈیا انکوائریز

چینینی اناکورو (Chinenye Anokwuru)
Chinenye.Anokwuru@gov.ab.ca
(780) 720-1915
سینئر پریس سیکریٹری، جسٹس